01/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........ مرکزی سرکار فوجداری نظام انصاف میں فارنسک شواہد پر مبنی طریقے کو دے رہی ہے ترجیح // وزیر داخلہ امت شاہ ۔

*........ سرحد پار کی دہشت گردی میں پاکستان کے رول کو بے نقاب کرنے کے لئے کُل جماعتی پارلیمانی وفود کے مختلف ممالک کے دوروں کا سلسلہ جاری ۔

*........ حالیہ شیلنگ سے متاثرہ کنبونکی باز آباد کاری ، سیاحتی شعبے کی تقویت اور آفات کے انتظام سے متعلق میکانزم کو مضبوط کرنے کے حکومت کے عزم کا لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کیا اعادہ ۔

اور

*........ شمال مشرقی ریاستوں میں بھاری بارش کے سبب 27 لوگ فوت// جموں کشمیر میں تین جون تک موسم ناساز گار رہنے کی پیش گوئی ۔

وزیر داخلہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار کرمنل جسٹس سسٹم میں فورنسک ثبوتوں پر مبنی
نقطہ

نظر کو ترجیح دے رہی ہے ۔ مغربی بنگال کے راجر ہاٹ علاقے میں آج ایک فارنسک سائنس ﻍ لیبارٹری عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے انہو ں نے کہا کہ فارنسک بنیادی ڈھانچے کی اصلاح اسی کوشش کا حصہ ہے ۔ انہوں نے کہا کہ 88 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی لیبارٹری نہ صرف مغربی بنگال کے لوگوں کو فائدہ پہنچائے گی بلکہ اس سے پڑوسی ریاستیں جھارکھنڈ، بہار ، اڈیشہ ، سکم ، آسام وغیرہ بھی مستفید ہوں گی ۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ شفاف اور درست فیصلوں کے لئے سائنسی ثبوتوں کا ہونا ضروری ہے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پورے ملک میں فارنسک صلاحیتوں کو بڑھاوا دینے کی وعدہ بند ہے ۔

وفد

آپریشن سندور کے تحت بھارت کی لگاتار کوششوں اور دہشت گردی کے خلاف بھارت کے اصولی اور ٹھوس موقف کے عین مطابق ارکانِ پارلیمنٹ پر مشتمل سات
ک

ل جماعتی وفود رابطے کے اپنے پروگرام کے سلسلے میں مختلف ملکوں کا دورہ جاری رکھے ± ہوئے ہیں۔ یہ وفود ہر طرح کی دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کے بھارت کے مضبوط پیغام کو اِن ملکوں تک پہنچا رہے ہیں۔ ششی تھرور کی قیادت میں ایک وفد برازیل کے سرکاری پہنچ گیا ہے۔ یہ وفد برازیل کے سرکردہ Brasilia دورے پر آج
رہنماو

ں اور ارکانِ پارلیمنٹ سے بات چیت کرے گا۔اِدھر شیو سینا کے ممبرِ پارلیمنٹ شری کانت ﻍ شندے کی سربراہی میں
ک

میں تین دن تک قیام کرے Monrovia ل جماعتی وفد لائبیریا میں ہے۔ یہ وفد لائبیریا کے شہر± گا ۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے، شری کانت شندے نے اعتماد ظاہر کیا کہ لائبیریا دہشت گردی کو کے ممبرِ پارلیمنٹ سنجے JDU بالکل برداشت نہ کرنے کے بھارت کے پیغام کو سمجھے گا۔ اِدھر کمار جھا کی قیادت میں ایک اور وفد انڈونیشیا کے کامیاب دورے کے بعد آج ملیشیا کے شہر کے ممبرِ پارلیمنٹ روی شنکر پرساد کی سربراہی میں ارکانِ BJP کوالالمپور پہنچ گیا ہے۔ پارلیمنٹ کا وفد لندن پہنچ گیا ہے۔ یہ وفد دہشت گردی کو شکست دینے کے بھارت کے واضح اور ٹھوس عہد سے آگاہ کرانے کے مشن کے ساتھ اِس مہینے کی تین تاریخ تک برطانیہ کے دورے پر رہے گا۔

شرد پوار گروپ کی ممبرِ پارلیمنٹ NCPدریں اثناء
س

پریا سولے کی قیادت میں ±
ک

---

کے دورے پر ہے۔ وفد کے ارکان نے وہاں کے سرکردہ ارکانِ Ethiopia ل جماعتی وفد±
پارلیمنٹ، ممتاز شخصیات اور افریقی یونین کمیشن کے اہلکاروں کے ساتھ میٹنگیں کی جس دوران بھارتی وفد نے سرحد پار کی دہشت گردی سے لاحق لگاتار خطرے اور بھارت میں سماجی ناااتفاقی پیدا کرنے کی دانستہ کوششوں کو اجاگر کیا۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے مختلف مسائل خاص طور سے حالیہ شیلنگ سے متاثرہ کنبوں کی باز آباد کاری ، سیاحتی شعبے کی تقویت اور آفات کے انتظام سے متعلق میکانزم کو مضبوط کرنے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔ سرینگر میں آج جموں و کشمیر اپنی پارٹی کی پارلیمانی امور کمیٹی کے ممبران سے ملاقات کے دوران لیفٹننٹ گورنر نے انہیں یقین دلایا کہ ان کی طرف سے ابھارے گئے عوامی نوعیت کے مسائل کو حل کرنے کی غرض سے ترجیحی طور کاروائی عمل میں لائی جائے گی ۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ جموں کشمیر اپنی پارٹی کی پارلیمانی امور سے متعلق کمیٹی کے وفد کی قیادت کمیٹی کے چیر مین محمد دلاور میر کر رہے تھے۔

ملاقات

بعد میں آسام کے وزیر زراعت و باغبانی اتُل بورا نے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔

عادل حسین شاہ

آسام کے وزیر زراعت و باغبانی اتُل بورا نے آج ہاپت ناڈ اننت ناگ جا کر وہاں شہید عادل حسین شاہ کے سوگوار کنبے کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ۔ انہوں نے آسام سرکار کی طرف سے مرحوم عادل حسین کے لواحقین کو پانچ لاکھ روپے کا چیک بطور ایکس گریشیا ریلیف سونپا ۔ یاد رہے کہ عال حسین شاہ پہلگام کے حالیہ حملے میں اپنی جان گنوا بیٹھے تھے ۔ آسام کے وزیر اتُل بورا نے دہشت گردی کو شکست دینے میں وزیر اعظم نریند رمودی کے عمدہ کام کا ذکر کیا اور کہا کہ اس کام کی بدولت بہتر نتائج بر آمد ہوئے ہیں ۔

کھیر بھوانی

تین جون منگل وار کو تولہ مولہ گاندربل میں منعقد ہونے والے سالانہ کھیر بھوانی میلے کے لئے حفاظت سمیت تمام تر انتظامات مکمل کئے گئے ہیں ۔ ہندو مسلم بھائی چارے کی علامت

والے اس میلے میں ہر سال کی طرح اس بار بھی بڑی تعداد میں شردھالوں کے شرکت کرنے کی توقع ہے ۔چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج تولہ مولہ جا کر کھیر بھوانی مندر میں میلے کے سلسلے میں تیاریوں کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی سمیت تمام مناسب انتظامات کئے گئے ہیں تاکہ ماتا کھیر بھوانی میلے کو احسن اور پُر امن طریقے سے منعقد کیا جا سکے ۔ اس سے پہلے جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلن پربھات نے بھی کھیر بھوانی مندر کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ میلے کو بحسن خوبی انجام دینے کے لئے سیکورٹی عملے کی مناسب تعیناتی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ سرویلنس نظام اور ٹریفک کے معقول انتظامات بھی کئے گئے ہیں ۔

دریں اثناء بی جے پی کے سابق ضلع صدر گاندربل محمد امین شاہ سمیت کئی شردھالوں نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس میلے میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں اور ملک و جموں کشمیر کی امن وسلامتی کے لئے دعا کریں ۔

سکینہ ایتو

صحت ،تعلیم و سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت سرکار لوگوں کو بہتر طبی و دیگر سہولیات فراہم کرنے کی عہد بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے چھ ماہ کے دوران کئی ترقیاتی کاموں کو مکمل کیا گیا ہے ۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج D. H Pora میں ایک عوامی اجتماع D. K Marg حلقہ انتخاب کے دورے کے دوران پچھڑے علاقے سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ اس دوران وزیر موصوفہ نے کئی عوامی وفود سے ملاقات کی اور ان کے مسائل و مشکلات کو سنا ۔ سکینہ ایتو نے لوگوں کے جائز مسائل کو حل کرنے کے متعلقہ افسروں کو احکامات دئے ۔

کرشی سنکلپ ابھیان

ملک میں12جون تک جاری رہنے والی 15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان ان دنوں شد و مد سے جاری ہے ۔ اس مہم کے دوران کسانوں میں کاشت کاری کے جدید طور طریقوںاور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیجوں کے فوائد سے متعلق بیداری پیدا کی جا رہی ہے ۔

اسی مہم کے تحت کرشی وِکاس کیندر گاندربل نے ضلع گاندربل کی نو مختلف جگہوں پر ماہرین سرینگر کے سائنس CITH کی تین ٹیمیں تعینات کیں جن میں کرشی وِگیان کیندر گاندربل اور دانوں کے ساتھ ساتھ محکمہ زراعت کے افسران شامل تھے ۔ اس پہل کا مقصد سائنسی ترقی اور زمینی سطح پر زرعی طور طریقوں کے درمیان خلیج کو پُر کرنا ہے ۔

دریں اثناءڈائریکٹر ہارٹیکلچر کشمیر وِکاس آنند نے وکست کرشی سنکلپ ابھیان کو کسانوں کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا ہے ۔ شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے انہوں نے وادی میں اس ابھیان کے تحت جاری سرگرمیوں کے تعلق سے بتایا۔

وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے بارے میں پیش ہے کچھ کسانوں کے تاثرات ۔

## عالمی دن

آج والدین کا عالمی دن یعنی گلوبل ڈے آف Parents منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد والدین کا عزت و احترام کرنے کے ساتھ ساتھ اس اہم رول کو تسلیم کرنا ہے جو وہ اپنے بچوں کی پرورش اور اچھی تربیت دینے میں ادا کرتے ہیں ۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے " Raising Parents " ۔ آج کے دن کے تعلق سے سب ڈسٹرکٹ اسپتال سوپور میں انٹرنل میڈیسن کے سینئر کنسلٹنٹاور سماجی مفقر ڈاکٹر پرویز سجاد شاہ نے شعبہ خبر سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا کہ والدین کو اپنے بچوں کے ساتھ محبت و شفقت سے پیش آنے کے علاوہ خود کو پیشہ ورانہ اور ہنر مند بنانے کی ضرورت ہے تاکہ بچوں میں کسی بھی خامی کی نشاندہی کر کے اس کا حل تلاش کیا جا سکے ۔

## مِلک ڈے

آج ہی ورلڈ مِلک ڈے بھی منایا جارہا ہے ۔ اقوام متحدہ کے خوراک و زراعت تنظیم کی طرف سے قائم کئے گئے اس دن کا مقصد دودھ کی اہمیت کو ایک عالمی خوراک کے طور پر تسلیم کرنا ہے ۔ 2001 سے ہر سال یکم جون کو یہ دن منایا جاتا ہے ۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں جموں اینڈ کشمیر ملک پروڈوسرس کو آپریٹیو لمیٹیڈ کے ایڈمنسٹریٹیو ہیڈ فاروق احمد نجار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

## GOC

لیفٹنٹ جنرل پی GOC وائٹ نائٹ کور کے 53 ویں یوم تاسیس کے موقعہ پر 16 ویں کور کے کے مشرا نے شہید سپاہیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ انہوں نے 16 ویں کور کے بہادر اہلکاروں ، سابق فوجیوں اور عوام کو دلی مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ امن اور استحکام کو بنائے رکھنے کے ان کا مصمم عزم ملک کی سرحدوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ایک اہم وسیلہ رہا ہے ۔

عہدہ

جنوبی فضائی کمانڈ کے ائیر آفیسر کمانڈنگ اِن چیف ائیر مارشل منیش کھنا نے Thiruvananthapuram میں آج اپنا عہدہ سنبھالا ۔

سینک سکول

سماجی ذمہ داری نظام کے تحت قاضی گنڈ ایکسپریس وے پرائیویٹ لمیٹیڈ اور Corporate جموں ادھمپور ہائی وے پرائیویٹ لمیٹیڈ نے مشترکہ طور پر سینک سکول نگروٹہ ATHAANG کو بنیادی ڈھانچے کا مدد فراہم کیا ہے ۔ اس امداد میں ایک ایمبولنس گاڑی ، ایک ٹریکٹر اور کچھ دیگر ساز و سامان شامل ہے ۔

Protection of Children انٹرنیشنل ڈے فار

بچوں کے حقوق کو تسلیم کرنے اور انہیں بر قرار رکھنے کے لئے آج انٹرنیشنل ڈے فار Protection of Children منایا جا رہا ہے ۔ یہ دن بچوں کو تشدد اور استحصال سے تحفظ فراہم کرنے اور انہیں تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات تک رسائی دلانے کی یاد کے طور پر منایا جاتا ہے ۔ اس حوالے سے جموں یونیورسٹی میں Sociology شعبے کی سربراہ پروفیسر Vishav Raksha نے آکاشوانی نیوز کو بتایا ۔

پرم ویرچکر

آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم، ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ آج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ لانس نائک کرم سنگھ کو یاد کررہے ہیں۔پیش ہے آکاشوانی دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھدرواہ میں لیونڈر فسٹیول کے افتتاح کا خیر مقدم کیا ہے ۔ CSIR اروما مشن اور وزیر اعظم نریندر مودی ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ کے دیہی بھارت کو بدلنے کے ویژن سے بھدرواہ میں لیونڈر فسٹیول کے انعقاد سے رنگا رنگ پرپل انقلاب منایا جا رہا ہے ۔

**فاروق عبداللہ**

**نیشنل کانفرنس صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بلند پایہ ولی کامل حضرت پیام الدین ریشی ؒ ٹنگمرگ کے سالانہ عرس مبارک پر عوام کو مبارک باد پیش کی ہے ۔**

**علی محمد ساگر**

**نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری اور ایم ایل اے خانیار علی محمد ساگر نے قدیم تجارتی منڈی میں مقامی تاجروں اور معزز شہریوں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ ان کے ہمراہ انتظامیہ S.R Gunj اسپتال پر رکے ہوئے کام کی S.R Gunj کے کچھ افسران بھی تھے ۔ ساگر نے قدیم اور تا ریخی بحالی کی ہدایت دی ۔ یاد رہے کہ اس اسپتال کی تعمیر نو کے لئے انہوں نے پہلے ہی اپنی سرکار کے دوران آٹھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم فراہم کی تھی ۔**

**بی جے پی**

**بی جے پی نے آج ترکوٹہ نگر جموں کے پارٹی ہیڈ کوارٹر پر آج سنکلپ سے سدھی ورکشاپ کا انعقاد کیا ۔ تقریب پر جموں کشمیر بی جے پی کے صدر ست شرما کے ساتھ ساتھ پارٹی کے جنرل سیکریٹری سنیل شرما اور جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نیز ممبر پارلیمنٹ جگل کشور شرما موجود تھے ۔ یہ ورکشاپ وزیر اعظم نریندر مودی کے تحت بدلتی ہوئی حکمرانی کے 11 سال کی یاد میں منعقد کیا گیا ۔**

**IPL**

**میں پانچ مرتبہ کی چمپئین ممبئی انڈئنز کا مقابلہ پنجاب Qualifier کے دوسرے IPL 2025 کنگس سے ہو رہا ہے ۔ احمد آباد کے نریندر مودی سٹیڈیم میں کھیلے جا رہے اس میچ میں ------ ٹیم نے ٹاس جیت کر ----- کرنے کا فیصلہ کیا ۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق ------ نے ------ اوورز میں ------ رن بنائے تھے ۔ آج جو میچ جیت جائے گا اس کا سامنا منگلوار کو آئی پی ایل فائنل میں رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہو گا ۔**

**بارش**

**شمال مشرق کی چھ ریاستوں میں اوسط سے بھاری بارش کے سبب معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہو گئی ہے ۔ حکام نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ کل سے بھاری بارش کے نتیجے میں**

چٹانے اور مٹی کے تودے گر آنے اور مکان تباہ ہونے کی وجہ سے 27 لوگوں کی جانیں تلف ہوئی ہیں ۔ خلیجی بنگال میں ہوا کے دباو کے چلتے بھاری بارشیں ہوئی ہیں ۔ 27 لوگوں میں سے نو افراد اروناچل پردیش میں مارے گئے ہیں جبکہ میگھالیہ میں چھ اور آسام اور میزورم میں پانچ پانچ جبکہ تریپورہ اور نا گا لینڈ میں ایک ایک شخص کی جان چلی گئی ہے ۔ بارش اور مٹی کے تودے گر آنے کی وجہ سے خطے کے کئی ضلعوں میں سڑک رابطے بری طرح متاثر ہوئے ہیں ۔

موسم JK

اِدھر محکمہ موسمیات نے جموں کشمیر میں تین جون تک موسم نا ساز گار رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے ۔ شعبہ خبر سے بات چیت کرتے ہوئے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے کہا کہ اگلے دو دن کے دوران وادی میں بارشوں کے ساتھ ساتھ ہوائیں چلنے کا امکان ہیں ۔ انہوں نے چار جون سے موسم میں بہتری آنے کی پیش گوئی کی ۔

درجہ حرارت

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر20 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر38منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ